129688- مختلف ممالک میں لیلۃ القدر کا اختلاف

سوال

کیا لیلۃ القدر سب مسلمانوں کے لیے ایک ہی رات میں ہوتی ہے یا کہ علاقے اور ملک مختلف ہونے کی بنا پر مختلف ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

رات ایک ہی ہوگی چاہے علاقے مختلف ہوں، لہذا عرب ممالک میں غروب شمس کے وقت داخل ہوگی تو افریقہ میں بھی اسی دن کا سورج غروب ہونے پر شروع ہوجائیگی اور اسی طرح دوسرے ممالک میں بھی.

جب ایک قوم کے پاس سے ختم ہوگی تو دوسروں کے ہاں شروع چاہے یہ بیس گھنٹوں سے بھی زائد پر مشتمل ہو تو یہ ان کی رات شمار ہوگی اور ان کی بھی رات، اور اس میں کوئی مانع نہیں کہ ان لوگوں کے ہاں فرشتے نزول کریں اور دوسروں کے ہاں بھی.